# ORIX | ORIX Leasing Pakistan Limited

# NOTICE OF THE ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Thirty Fifth Annual General Meeting (the AGM) of ORIX Leasing Pakistan Limited (the Company) will be held on Tuesday, October 26, 2021, at 10:00 a.m. through video link, to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2021, the Auditors Report and Directors Report thereon.
2. To consider and approve dividend for the year ended June 30, 2021, in cash at PKR 2 per share of PKR 10/- (20%), as recommended by the Board of Directors, which is in addition to the 20% Interim Cash Dividend (i.e. PKR. 2 per share) already paid.
3. To appoint auditors of the Company for the financial year 2021-22 and fix their remuneration. The present auditors, Messrs. A.F Fergusons & Co., Chartered Accountants, retire and being eligible, have offered themselves for reappointment.

**SPECIAL BUSINESS**

4. To consider and if deemed fit, approve the change of name of the Company to 'OLP Financial Services Pakistan Limited' by passing the following resolution as Special Resolution, with or without modifications, subject to necessary regulatory approvals.

   **RESOLVED THAT** the name of the Company be changed from ORIX Leasing Pakistan Limited to OLP Financial Services Pakistan Limited.

   **FURTHER RESOLVED THAT** the Chief Executive Officer, Chief Financial Officer and Company Secretary, singly or jointly, be and are hereby authorized to do all necessary acts, deeds and things in connection herewith and ancillary thereto as may be required or expedient to give effect to the spirit and intent of the above resolution.

5. To consider and if deemed appropriate, approve amendments in the Company's Memorandum of Association and Articles of Associations as recommended by Board of Directors. For this purpose, it is proposed to consider and, if thought fit, to pass the following resolutions as Special Resolutions, with or without modifications, subject to necessary regulatory approvals:

   **RESOLVED THAT** the Memorandum of Association of the Company be amended / altered as may be required or expedient to give effect to the spirit and intent of the foregoing resolution, and for this purpose Clause I of the Memorandum of Association of the Company be substituted with the following

   I. The name of the Company is "OLP Financial Services Pakistan Limited".

   **FURTHER RESOLVED THAT** the Articles of Association of the Company be amended so as to change the name of the Company wherever appearing from ORIX Leasing Pakistan Limited to OLP Financial Services Pakistan Limited."

   **FURTHER RESOLVED THAT** the Chief Executive Officer, Chief Financial Officer and Company Secretary of the Company be and are hereby jointly and severally authorized and empowered to do or cause to do all acts, deeds and things that may be necessary or required from time to time to complete all necessary legal and corporate formalities to give effect to this resolution; including any change required therein by the Commission.

6. To transact any other business as may be placed before the meeting with the consent of the Chair.

A statement under section 134(3) of the Companies Act, 2017 pertaining to the special business is a part of this notice.

BY ORDER OF THE BOARD

**HAIDER ABBAS**
Company Secretary

Karachi
Tuesday, October 05, 2021

**NOTES**

1. **REASON FOR HOLDING AGM THROUGH ELECTRONIC MODE**

In view of the threat of spread of COVID-19 (Corona Virus) pandemic, ORIX Leasing Pakistan Limited ("the Company") based on the directives of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide its Circulars requiring listed companies to modify their usual planning for general meetings to protect the well-being of shareholders, requests its members to attend and participate in the Annual General Meeting through video link facility only to avoid large gathering at one place and prevent pandemic outbreak of COVID-19.

Therefore, to attend and participate in the AGM through video link facility, members are requested to register themselves by providing following particulars with the Company Secretary by emailing to agm@orixpakistan.com at least 48 hours before the AGM.

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No./ CDC Account No. | Mobile No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Video link details and login credentials (ZOOM Application) will be shared with those shareholders who have shown their intent to attend the meeting containing all the particulars as mentioned above.

2. **BOOK CLOSURE**

2.1 The Members' Register shall remain closed from October 19, 2021 to October 26, 2021 (both days inclusive). Transfers in good order received at the office of the Company's Share Registrar before the close of the business on October 18, 2021, will be treated in time to attend the AGM and entitlement of the dividend. Address of the Company's Share Registrar is as follows:

FAMCO Associates (Pvt.) Ltd.

8-F, Block-6, PECHS

Main Shahra-e-Faisal

Karachi-74400

Pakistan

Shareholder. The proxy needs to be a Member of the Company. A proxy, to be effective, must be received at the office of the Company's Share Registrar not less than 48 hours before the AGM.

2.3 The Shareholders and their proxies are required to produce their Computerized National Identity Card (CNIC) or passport for identification purpose, at the time of attending the AGM. The Proxy Form must be submitted to the Company within the stipulated time, duly witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers must be mentioned on the Proxy Form, along with attested copies of the CNICs or passports of the beneficial owner and the proxy. In case of corporate entity, the resolution of the Board of Directors or power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of AGM. The Proxy Form is available on Company's website (www.orixpakistan.com).

2.4 Members are requested to intimate any change in address immediately to the Company's Share Registrar.

2.5 The Financial Statements for the year ended June 30, 2021, along with the Auditors and Directors Report thereon are available on the Company's website (www.orixpakistan.com).

2.6 CDC account holders shall also follow the guidelines mentioned hereunder, as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

## 3. SUBMISSION OF COPIES OF CNICS/NTN

The Company with reference to the S.R.O. 779(I) 2011 dated August 18, 2011 and S.R.O. 831(I)/2012 dated July 5, 2012, had made several requests through advertisements in Urdu and English newspapers having circulation throughout the country, and Share Registrar of the Company had also sent letters to the Shareholders who have not yet provided valid copies of their CNICs/NTNs, requesting them to provide the same. As per the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, CNIC/NTN number of a shareholder is mandatory for the payment of cash dividend, and in the absence of such information, the Company would be constrained to withhold dividend payment. Accordingly, the Members who have not yet submitted a copy of their valid CNIC/NTN are again requested to provide the same to the Company's Share Registrar, with Member's folio number mentioned thereon. It may be noted that in case of non-receipt of the copy of CNIC/NTN, the Company would be constrained to withhold the payment of the dividend.

## 4. PAYMENT OF CASH DIVIDEND THROUGH ELECTRONIC MODE

As per Section 242 of the Companies Act, 2017, a listed company shall pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholder. Therefore, the physical dividend warrants will not be issued to the Company's Shareholders. In order to receive dividend into respective banks accounts, the Shareholders are requested (if not already provided) to fill in the Dividend Mandate Form for Electronic Credit of Cash Dividend, available on the Company's website and send the duly signed form, along with a copy of CNIC to the Company's Share Registrar in case of physical shares. In case shares are held in the CDC/Brokerage House, Dividend Mandate Form must be directly submitted to the CDC investor account services/respective participant accounts. In case of non-receipt of information, the Company will be obliged to withhold payment of dividend to such shareholders.

## 5. DEDUCTION OF INCOME TAX FROM DIVIDEND UNDER THE SECTION 150 OF THE INCOME TAX ORDINANCE 2001

5.1 According to the provisions of the Finance Act 2021 effective July 2021, the rate of deduction of the Income Tax from dividend payments has been as follows:

i. The Rate of Income Tax deduction for filers of the Income Tax returns is 15%

ii. The Rate of Income Tax deduction for non-filers of income tax returns is 30%

The Shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) available on FBR's website, despite the fact that they have filed their returns, are advised to ensure that their names be entered in ATL. Otherwise, the tax on their cash dividend will be deducted @ 30% instead of 15%.

5.2 Withholding Tax exemption from the dividend income shall only be allowed if a copy of the valid tax exemption certificate is made available to the Company's Share Registrar by the first day of the book closure.

5.3 Withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-filer' status of principal shareholder as well as joint-holders(s) based on their shareholding proportions. In this regard, the Shareholders who hold the Company's shares jointly are requested to provide shareholding proportions of the principal shareholder and joint-holder(s) in respect of shares held by them (if not already provided) to the Company's Share Registrar in writing, within fifteen (15) days of this notice. Otherwise, it will be assumed that the shares are equally held by the principal shareholder and joint-holder(s).

5.4 The Corporate Shareholders having CDC accounts are required to have their NTN updated with their respective participants, and the corporate physical shareholders are requested to send a copy of their NTN certificate to the Company's Share Registrar. The Shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote the company's name and their respective folio numbers.

## 6. VIDEO CONFERENCE FACILITY

In pursuance to the SECP's circular No. 10/2014, dated May 21, 2014, and the Section 134(1)(b) of the Companies Act 2017, the Members can also avail video conference facility at places other than Karachi (since the AGM is scheduled to be held in Karachi); provided that the Company shall receive consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding, residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to the AGM. The Company will arrange a video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city. In this regard, the Shareholders are requested to send duly signed Form of Video Conference Facility, available on Company's website to the Company's Share Registrar.

## 7. AVAILABILITY OF ANNUAL AUDITED FINANCIAL STATEMENTS

The Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2021, have been made available on the Company's website (https://www.orixpakistan.com) in addition to the Quarterly Financial Statements. Further, please note that in accordance with SRO 470(I)/2016 dated May 31, 2016, through which SECP had allowed the companies to circulate the annual audited accounts to its members through CD/DVD/USB instead of transmitting the hard copies at their registered addresses, subject to consent of shareholders and compliance with all other conditions, the Company had obtained approval from its Shareholders in its AGM held on October 19, 2017. Accordingly, the Annual Report of the Company for the year ended June 30, 2021 has been dispatched to the Shareholders in the form of CD. However, if a Shareholder, in addition, requests for hard copy of the Annual Audited Financial Statements, the same will be provided free of cost within seven working days of receipt of such request. For the Shareholders' convenience, a 'Standard Request Form for Provision of Annual Audited Financial Accounts' has also been made available on the Company's website.

## 8. CONVERSION OF PHYSICAL SHARES INTO CDC ACCOUNT

The Shareholders having physical shareholding are encouraged to place their physical shares into electronic form as Section 72(2) of the Companies Act, 2017 states that "Every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by SECP, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act".

## STATEMENT UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

This Statement sets out material facts concerning the Special Business to be transacted at the Annual General Meeting of the Company.

### 1) CHANGE OF NAME

The Board of Directors of ORIX Leasing Pakistan Limited (OLP/ the Company) has decided to rebrand the Company in line with the Company's vision of enhancing its corporate image as an SME focused financial services company. The new name of the Company will be OLP Financial Services Pakistan Limited. ORIX Corporation (ORIX), OLP's principal shareholder at 49.58% shareholding fully endorses the rebranding and remains wholly committed to OLP and its growth strategy.

OLP has traditionally focused on the leasing of productive plant and machinery and transportation assets. Over the past 35 years, OLP has played an important role in the development of the leasing industry in Pakistan and is currently the largest player in the leasing industry. OLP has upgraded its leasing license to an Investment Finance Services license which allows the Company to significantly broaden its product portfolio. The Board is of the view that a change in the Company's name is an essential step in developing the Company's image as a multi-product innovative financial institution rather than simply a leasing company. The new name reflects the Company's focus on providing full spectrum of financial services to its customers with particular emphasis on serving the needs of the SME sector.

This change is subject to regulatory approvals.

The Directors of the Company have no personal interest in the business except in their capacity as shareholders of the Company to the extent of their respective shareholding.

### 2) AMENDMENTS IN MEMORANDUM AND ARTICLES OF ASSOCIATION OF THE COMPANY

The Board of Directors recommends amendments in Clause I of the memorandum of Association of the Company to give effect to the change of name. Further, Articles of Association of the Company also require amendments with regards to the change of name of the Company.

# اوریکس لیزنگ پاکستان لمیٹڈ

# سالانہ اجلاس عام

ORIX

مطلع کیا جاتا ہے کہ اوریکس لیزنگ پاکستان لمیٹڈ کا پینتیسواں (35th) سالانہ اجلاس عام بروز منگل مورخہ 26 اکتوبر 2021ء، بوقت صبح 10:00 بجے بذریعہ ویڈیو لنک مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور:**

(1) 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

(2) 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق 2 روپے فی حصص (فی حصص قیمت =/10 روپے) 20 فیصد کی شرح سے حصص یافتگان کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری، اس کے علاوہ 20 فیصد نقد منافع منقسمہ (یعنی فی حصص قیمت =/2 روپے) پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے۔

(3) مالی سال 22-2021 کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ حالیہ آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہو گئے ہیں اور اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کے لئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

**خصوصی امور:**

(4) کمپنی کے نام کو 'اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ' میں تبدیل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد ترمیم یا بلاترمیم غور وخوض اور اگر موزوں ہو تو اس کی منظوری۔

**قرار پایا کہ**

کمپنی کا نام اوریکس لیزنگ پاکستان لمیٹڈ سے تبدیل کر کے اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ کیا جائے۔

**مزید قرار پایا کہ**

چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ اور / جداگانہ طور پر مذکورہ قرارداد کی بھرپور اور موثر انداز سے تعمیل کے سلسلے میں تمام تر متعلقہ یا مطلوبہ ضروری کاموں، اعمال اور ذیلی امور کی انجام دہی کے بذریعہ ہذا مجاز ہیں۔

(5) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے تحت کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم پر غور وخوض اور اگر موزوں ہو تو اس کی منظوری۔ اس مقصد کے لئے درج ذیل قراردادوں کی بطور خصوصی قراردادوں ترامیم یا بلاترامیم منظوری غور وخوض اور موزوں پانے کی صورت میں منظوری۔

**قرار پایا کہ**

کمپنی کی میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں ترمیم/تبدیلی کی جائے گی جیسا کہ مذکورہ قرارداد کی بھرپور اور موثر انداز سے تعمیل کیلئے ضروری یا مناسب ہو، اور اس مقصد کیلئے کمپنی کی میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق I کو حسب ذیل کے ساتھ تبدیل کیا جائے۔

I کمپنی کا نام "اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ" ہے۔

**مزید قرار پایا کہ**

کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جائے تاکہ جہاں بھی کمپنی کا نام اوریکس لیزنگ پاکستان لمیٹڈ درج ہے اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ سے تبدیل کیا جائے۔

**مزید قرار پایا کہ**

کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ اور / جداگانہ طور پر کمیشن کی جانب سے مطلوب کسی بھی تبدیلی سے مشروط مذکورہ قرارداد کی تعمیل کے سلسلے میں تمام تر متعلقہ ضروری کاموں، اعمال اور ذیلی امور کی انجام دہی یا وقتاً فوقتاً تمام مطلوبہ ضروری قانونی اور کارپوریٹ فارمیلیٹیز کو مکمل کرنے کے بذریعہ ہذا مجاز ہیں۔

(6) چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ (3)134 کے تحت اجلاس میں زیر غور لائے جانے والے تمام خصوصی امور سے متعلق ٹھوس حقائق پر مبنی گوشوارے نوٹس ہذا کا حصہ ہیں۔

**بحکم بورڈ**

**حیدر عباس**
**کمپنی سیکرٹری**

کراچی
بروز **منگل 5 اکتوبر 2021ء**

**نوٹس:**

1. **<u>الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کے انعقاد کی وجوہات</u>**

COVID-19 (کورونا وائرس) کے وبائی امراض کے خطرات کے پیش نظر، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلرز کی ہدایات کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کو حصص یافتگان کی فلاح و بہبود کے تحفظ کے لئے عمومی اجلاسوں کیلئے اپنی معمول کی منصوبہ بندی میں ترمیم کرنا ضروری ہے، اوریکس لیزنگ پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") کی اپنے ممبران سے درخواست ہے کہ وہ صرف بذریعہ ویڈیو لنک سالانہ اجلاس عام میں شرکت کریں تاکہ ایک مقام پر بڑے اجتماع اور COVID-19 وبائی امراض سے بچاؤ ہو سکے۔

لہذا ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے AGM میں شرکت اور حصہ لینے کیلئے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ AGM کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی سیکرٹری کو agm@orixpakistan.com پر بذریعہ ای میل مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کر کے اپنا اندراج کریں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | CNIC نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان اسناد (بذریعہ زوم ایپلی کیشن) ان حصص یافتگان کو فراہم کی جائیں گی جنہوں نے اجلاس میں شرکت کیلئے مذکورہ بالا تفصیلات کے ہمراہ درخواست دی ہے۔

2. **<u>کتاب کی بندش:</u>**

2.1 ممبران کا رجسٹر مورخہ 19 اکتوبر 2021ء تا 26 اکتوبر 2021ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس میں مورخہ 18 اکتوبر 2021ء کو اختتام کار سے قبل موصول شدہ منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے بروقت تصور کی جائیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کا پتہ حسب ذیل ہے۔ فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ 8-F، بلاک 6-PECHS، مین شاہراہ فیصل کراچی-74400، پاکستان-فون نمبر: +92(021)34380101

2.2 تمام حصص یافتگان AGM میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ حصص یافتگان اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پروکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ پراکسی موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرار آفس میں موصول ہو جائے۔

2.3 حصص یافتگان اور پراکسی سے درخواست ہے کہ اجلاس عام پر شرکت کے وقت اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ تصدیق کے مقصد کیلئے فراہم کریں۔ پراکسی فارم دو افراد کی گواہی، جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز (CNIC) پراکسی فارم پر لازمی درج ہوں، بشمول بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل کمپنی کو مقررہ مدت تک لازمی جمع کرا دیں۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی بمعہ نامزدگی کے دستخطی نمونہ AGM کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔ پروکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ (www.orixpakistan.com) پر دستیاب ہے۔

2.4 ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

3. **سی این آئی سی/این ٹی این کی فراہمی:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 2012(1)831 مورخہ 5 جولائی 2012ء اور ایس آر او 2011 / (1)779 بتاریخ 18 اگست 2011ء کے مطابق کمپنی نے ملک بھر کے اردو اور انگلش اخبارات کے ذریعہ متعدد بار درخواست کی ہے اور کمپنی کے شیئر رجسٹرار نے حصص یافتگان کو خط ارسال کئے ہیں کہ جن حصص یافتگان نے تا حال NTNs/CNICs کی کارآمد کاپیاں فراہم نہیں کی ہے ان سے گذارش ہے وہ کمپنی کو جلد از جلد پیش کردیں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے تحت نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کے وقت حصص یافتگان کے سی این آئی سی کا ہونا لازمی ہے، مذکورہ معلومات کی عدم موجودگی کی صورت میں کمپنی منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دے گی اس کے مطابق جن ممبران نے ابھی تک درست سی این آئی سی/این ٹی این کی کاپیاں جمع نہیں کرائیں ہیں' سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد فولیو نمبر کے ہمراہ شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں بصورت دیگر کمپنی ڈیویڈنڈ کی ترسیل روک دیگی۔

4. **نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونکلی ادائیگی:**

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 کے تحت لسٹڈ کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی اہل حصص یافتگان کو صرف الیکٹرانک انداز میں براہ راست ان کے نامزد بنک اکاؤنٹ میں کرنا ضروری ہے، لہٰذا فزیکل ڈویڈنڈ وارنٹس کمپنی کے حصص یافتگان کو جاری نہیں کئے جائیں گے۔فزیکل حصص کی صورت میں ڈویڈنڈ کی متعلقہ بینک اکاؤنٹس میں وصولی کے سلسلے میں حصص یافتگان سے استدعا ہے کہ (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا) نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانک ادائیگی کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ڈویڈنڈ منڈیٹ فارم پُر کریں اور باقاعدہ دستخط شدہ فارم بشمول سی این آئی سی کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرادیں۔سی ڈی سی بروکریج ہاؤس میں جمع شیئرز کے حامل حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم متعلقہ شرکاء/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز میں جمع کرائیں۔معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی ایسے حصص یافتگان کے منافع منقسمہ کی ادائیگی روک لے گی۔

-5 **انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کی شق 150 کے تحت ڈویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

5.1 فنانس ایکٹ مجریہ 2021ء نافذ العمل جولائی 2021ء کے قوانین کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح حسب ذیل ہے۔

(i) انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں کے لئے انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح.................15 فیصد

(ii) انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والوں کیلئے انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح.................30 فیصد

حصص یافتگان جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) پر درج نہیں ہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلر ہیں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ فوری طور پر اس بات کو یقینی بنالیں کہ اپنے نام ATL میں شامل کروالیں۔بصورت دیگر منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی کی شرح 15 فیصد کے بجائے 30 فیصد کے حساب سے عائد کی جائے گی۔

5.2 منافع منقسمہ کی آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنٰی کی اجازت صرف کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس کُتب بندش کے پہلے دن سے فعال ٹیکس اگزیمپشن سرٹیفکیٹ کی دستیابی کی صورت میں دی جائے گی۔

5.3 ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کا "فائلر / نان فائلر" پر ان کے حصص کے حصوں کی بنیاد پر علیحدہ کیا جائے گا۔اس سلسلے میں، حصص یافتگان جو کمپنی کے حصص کے مشترکہ طور پر حامل ہیں سے درخواست ہے کہ شیئر ہولڈنگ پروپورشنز یا پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز حصص کے حامل کی صورت میں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا ہو) کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر نوٹس ہذا سے 15 دن کے اندر فراہم کریں۔بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز یکساں حصص کے حامل ہیں۔

5.4 سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنا NTN اپنے متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپڈیٹ کرلیں، تاہم کارپوریٹ فزیکل حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنا NTN کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔حصص یافتگان NTN یا NTN سرٹیفکیٹ کی فراہمی کے وقت نوعیت کے مطابق کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز لازماً درج کریں۔

6 . **ویڈیو کانفرنس کی سہولت:**

ایس ای سی پی سرکلر نمبر 10 سال 2014 بتاریخ 21 مئی 2014ء اور کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ (b)(1)134 کے مطابق ممبران کراچی کے علاوہ دیگر مقامات پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں (چونکہ اجلاس عام کراچی میں منعقد ہوگا) بشرطیکہ کمپنی جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران سے اجلاس عام میں شرکت کے لئے اجلاس عام سے کم از کم 10 دن قبل منظوری حاصل کرلے، کمپنی شہر میں سہولت میسر ہونے کی بنیاد پر شہر میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا اہتمام کرے گی۔اس سلسلے میں ممبران سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ویڈیو کانفرنس سہولت کا فارم دستخط کرکے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔

7 . **سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی دستیابی:**

30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ (http:\\www.orixpakistan.com) پر سالانہ اور سہ ماہی مالی گوشواروں کے ساتھ دستیاب ہیں۔مزید براں، ایس آر او 2016/(1)470 بتاریخ 31 مئی 2016ء کے مطابق SECP کمپنیوں کو سالانہ آڈٹ شدہ حسابات کی ترسیل اپنے ممبران کو ان کے رجسٹرڈ پتہ پر ہارڈ کاپیوں کے بجائے بذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی، حصص یافتگان کی رضامندی اور تمام دیگر شرائط کی تکمیل پر کرنے کی منظوری دیتا ہے، کمپنی 19 اکتوبر، 2017ء کو منعقد ہونے والے اپنے سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی منظوری حاصل کرچکی ہے۔اس کے مطابق 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ حصص یافتگان کو سی ڈی کی صورت میں ارسال کی جاچکی ہے۔تاہم، اگر حصص یافتگان سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ہارڈ کاپی حاصل کرنا چاہیں، تو درخواست کی وصولی کے سات یوم کے اندر بلا معاوضہ فراہم کردی جائیگی۔حصص یافتگان کی سہولت کیلئے سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات کی فراہمی کیلئے اسٹینڈرڈ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

8 . **فزیکل شیئرز کی سی ڈی سی اکاؤنٹس میں ادائیگی:**

فزیکل حصص یافتگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل حصص کو الیکٹرانک شکل میں رکھیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ (2)72 میں بیان ہے یعنی "ہر موجودہ کمپنی کو SECP کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ اور ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زائد مدت کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز کو کتاب انٹری کے ساتھ اس انداز میں تبدیل کرنا ہوگا"۔

**کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت بیانیہ**

مذکورہ بیان میں کمپنی کے سالانہ جنرل اجلاس میں خصوصی کاروبار سے متعلق معاملات کو ٹھوس شواہد میں پیش کیا گیا ہے۔

(1 **نام کی تبدیلی**

اوریکس لیزنگ پاکستان لمیٹڈ (او ایل پی/کمپنی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے ایس ایم ای فوکسڈ فنانشل سروسز کمپنی کے طور پر اپنے کارپوریٹ ساخت کی توسیع کے مقاصد کے مطابق کمپنی کی از سر نو برانڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔کمپنی کا نیا نام **او ایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ** ہے۔ اوریکس کارپوریشن (ORIX) جو کہ او ایل پی کے 49.58 فیصد شیئر ہولڈنگ کے حامل مرکزی حصص یافتگان ہیں، مکمل طور پر ری برانڈنگ کی تائید کرتے ہیں اور او ایل پی اور اس کی نمو کی حکمت عملی کیلئے مکمل طور پر پرعزم ہیں۔

او ایل پی نے روایتی طور پر پیداواری پلانٹ اور مشینری اور ٹرانسپورٹیشن املاک کو لیزنگ مہیا کی ہے۔گذشتہ 35 سالوں کے دوران او ایل پی نے پاکستان میں لیزنگ صنعت کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے اور اس وقت لیزنگ انڈسٹری کا سب سے بڑا ادارہ ہے۔او ایل پی نے اپنے لیزنگ لائسنس کو انویسٹمنٹ فنانس سروسز لائسنس میں اپ گریڈ کردیا ہے جو کمپنی کی مصنوعات کے پورٹ فولیو کو نمایاں طور پر وسیع کرنے کے قابل بناتا ہے۔بورڈ کی رائے ہے کہ کمپنی کے نام میں تبدیلی کمپنی کی ساخت کو صرف ایک لیزنگ کمپنی کے بجائے ایک کثیر المصنوعات کے جدید مالیاتی ادارے کے طور پر مستحکم کرنے کے لئے بنیادی اقدام ہے۔نیا نام کمپنی کے صارفین کو ایس ایم ای سیکٹر کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے بھرپور مالیاتی خدمات کی مکمل فراہمی پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔یہ تبدیلی ریگولیٹری اور حصص یافتگان کی منظوری سے مشروط ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا اپنے متعلقہ حصص کی حد تک کمپنی کے حصص یافتگان کے طور پر اپنی صلاحیت کے علاوہ کوئی ذاتی مفاد نہیں ہے۔

(2 **کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں ترمیم**

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے نام کی تبدیلی کو مؤثر بنانے کیلئے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن آف کمپنی کی شق I میں ترمیم کی سفارش کی ہے۔مزید براں کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں بھی کمپنی کے نام کی تبدیلی کے حوالے سے ترمیم مطلوب ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا اپنے متعلقہ حصص کی حد تک کمپنی کے حصص یافتگان کے طور پر اپنی صلاحیت کے علاوہ کوئی ذاتی مفاد نہیں ہے۔